ہماری جملہ مطبوعات پاکستان میں نورانی بکسٹال
نزد نگار سینما لارنس روڈ کراچی سے طلب کریں

میوزیکل پکچرز کی شاندار پیشکش

यास्मीन

یاسمین

ستارے

وجینتی اور سریش

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

یاسمین کے

نمبر ۱

...ساآجا آجا میرے ساقی، حسرت ہے دل میں باقی
...ت کا جام پلا جا جینے کا ڈھنگ بتا جا آجا...
یہ کس نے پکارا ہے مجھے کس نے پکارا
ہے کون طلبگار میرا کون ہے پیارا
بھر کے جام پلا دے۔ بھر بھر کے جام پلا دے
...اقی بنا دے متوالا تو لالالا بس بنا دے متوالا
شراب حسن نظر سے پلانے آئی ہوں
میں ایک کو لیے خود بنانے آئی ہوں
...مے ناز سے ابرو کے اک اشارے سے
...وں میں عشق کا جادو جگانے آئی ہوں — بھر بھر کے جام...
نظر ملا کے دل کو قرار آجائے
ہر اک ادا پہ میری تم کو پیار آجائے
...شاد جام کے جنت سے کم نہیں دنیا
...پیو کے تمہیں اعتبار آجائے — بھر بھر کے جام...
یہ مسکرا کے نگاہیں ملائے جاتے ہیں
سرور بن کے میرے دل پہ چھائے جاتے ہیں
ہے آج جو ان کی نظر سے میری نظر
...ہے میرے قدم ڈگمگائے جاتے ہیں — بھر بھر کے جام...

نمبر ۲

طلعت —
...بی نظر بیتاب جگر یہ دل ہے کسی کا دیوانہ — ہائے دیوانہ

کب شام ہو اور وہ شمع جلے کب اُڑ کر پہنچے پروانہ
ہائے پروانہ
ہے دل کا چمن کھلنے کیلئے، آئیگا کوئی ملنے کیلئے
پھولوں سے کہو تاروں سے کہو جھپکے سے سجا دے ویرانہ
ہائے ویرانہ
جب رات ذرا شبنم سے دھلے، لہرائی ہوئی وہ زلف کھلے
نظروں سے نظر اک بھید کہے دل دل سے کہے اک افسانہ
ہائے افسانہ
رنگین فضا چھائے تو ذرا۔ وعدے پہ کوئی جائے تو ذرا
اے جوش وفا دل چیز ہے کیا۔ ہم جان بھی دے دیں نذرانہ
ہائے نذرانہ

نمبر ۳

آنکھوں میں سما جاؤ اِس دل میں رہا کرنا
تاروں میں بسا کرنا پھولوں میں کھلا کرنا
جب سے تمہیں دیکھا ہے، جب سے تمہیں پایا ہے
کچھ ہوش نہیں مجھ کو اک نشہ سا چھایا ہے
اب بات جو کرنی ہو نظروں سے ادا کرنا — آنکھوں میں۔
اے کاش دھڑکتا دل کچھ دیر ٹھہر جائے
وہ رات محبت کی یوں ہی نہ گزر جائے
باقی ہے ابھی تم پر یہ جان فدا کرنا — آنکھوں میں۔
قسمت نہ دکھائے اب گھڑیاں جو فرقت کی
ہر رات یوں ہی چمکے تقدیر محبت کی

ہے چاند ستارو تم مِل جُل کے دُعا کرنا ۔۔۔ آنکھوں میں ۔۔

نمبر ۴

اب وہ راتیں کہاں اب وہ باتیں کہاں
وہ میرے پیار کی چاندنی لُٹ گئی
دِل ٹوٹا دِل کے رنگین ارماں لُٹے
میری دُنیا میری زندگی لُٹ گئی ۔۔۔ اب وہ راتیں ۔۔
مجھ کو اپنی خبر تھی نہ دِل کی خبر
کیسی مدہوش تھی میری شام و سحر
تیرے شانے پہ تھا سر گھڑی میرا سر
ہے کتنی حسیں بے خودی لُٹ گئی ۔۔۔ اب وہ راتیں ۔۔
پھول مُرجھا گئے چاند گہنا گیا
اِک اندھیرا سا ہر چیز پر چھا گیا
نور میری نگاہوں سے کھو گیا گیا
میری آنکھوں کی بھی روشنی لُٹ گئی ۔۔۔ اب وہ راتیں ۔۔

نمبر ۵

دِل اُن کو ڈھونڈتا ہے ہم دِل کو ڈھونڈتے ہیں
بھٹکے ہوئے مُسافر منزل کو ڈھونڈتے ہیں
پروانہ بن کے تیری محفل کو ڈھونڈتے ہیں
دُنیا سے ہے نرالا دستور عاشقوں کا
جینے کی آرزو میں قاتل کو ڈھونڈتے ہیں
سینے میں حسرتوں کا جاگا ہوا ہے طوفاں
ہم موج بن کے اپنے ساحل کو ڈھونڈتے ہیں ۔۔۔ دِل اُن کو ۔۔

نمبر ۶

ہنس ہنس کے حسینوں سے نظر چار کئے جا
جو بھی کرے پیار اُسے پیار کئے جا — ہنس ہنس کے....

یہ زُلف یہ ابرو یہ لچکتی ہوئی بانہیں
بجلی سی گرائی ہوئی خاموش نگاہیں
ہے طاقت دیدار تو دیدار کئے جا — ہنس ہنس کے....

لازم ہے محبت میں لگاوٹ بھی ادا بھی
اُلفت میں ملے کچھ تو تڑپنے کا مزا بھی
اقرار کئے جا کبھی انکار کئے جا — ہنس ہنس کے....

ہر ایک ادا حُسن کی آنکھوں میں لبھا لے
سینے میں ذرا عشق کا طوفان جگا لے
سوئی ہوئی تقدیر کو بیدار کئے جا — ہنس ہنس کے....

لتا

نمبر ۷

مجھ پہ الزام بے وفائی ہے۔ اے محبت تیری دُہائی ہے
اُس نے ٹھانی ہے ظلم ڈھانے کی۔ مجھ میں ہمت ہے غم اُٹھانے کی
خوش ہوا ہے دل جلانے کی۔ آج اُس نے قسم کھائی ہے
اے محبت تیری دُہائی ہے.....

تو ہوا دل سے کب جدا کہہ دے۔ مجھ سے کیوں ہو گیا خفا کہہ دے
تو ہی انصاف سے ذرا کہہ دے۔ کس نے شرط وفا بھلائی ہے
اے محبت تیری دُہائی ہے.....

ہے گوارا تیرا ستم مجھ کو۔ ہر جفا ہے تیرا کرم مجھ کو
جان جائے نہیں ہے غم مجھ کو۔ جب محبت پہ بات آئی ہے — اے....

نمبر ۸

یہی دعا ہے تجھ کو ملے ستم کی سزا
جو میرے دل کا ہے وہ حال ہے تیرے دل کا
بے چین کرنے والے تو بھی نہ چین پائے
تو بھی تڑپ تڑپ کر فرقت کی رات کاٹے
گزرا ہوا زمانہ تجھ کو بھی یاد آئے
تیری ہی بے وفائی تجھ کو لہو رلائے ۔۔ بے چین کرنے والے۔۔
ٹوٹے تیرے سہارے کوئی بھی ہو نہ تیرا
میری طرح سے تو بھی اپنے پہ رحم کھائے ۔ تیری ہی بے وفائی ۔۔۔

نمبر ۹

لتا ۔ تم اپنی یاد بھی دل سے بھلا جاتے تو اچھا تھا
یہ دو آنسو لگی دل کی بجھا جاتے تو اچھا تھا
میرے ارماں بھی لے جاتے میری حسرت بھی لے جاتے
نظر سے چھین کر اپنی حسیں صورت بھی لے جاتے
اندھیرے اور ان آنکھوں میں چھا جاتے تو اچھا تھا ۔ تم اپنی۔۔
میرے دل کی محبت کا یقیں کب تم کو آیا تھا
وہاں سو ظلم ڈھائے تھے یہاں دل کو مٹایا تھا
مجھے بھی اپنے ہاتھوں سے مٹا جاتے تو اچھا تھا ۔ یہ دو آنسو۔۔۔
میرا دل پھیر دے میری نشانی پھیرنے والے
جو ممکن ہو تو لوٹا دو میری آہیں میرے نالے
تم اپنے دل کا کچھ یا چین پا جاتے تو اچھا تھا ۔۔۔ یہ دو آنسو۔۔

نمبر ۱۰

محبت میں پہلا قدم رکھنے والے
قدم جو اٹھانا سنبھل کے اٹھانا
یہ رستہ کٹھن ہے یہ منزل ہے بھاری
کسی کی طرح تم بھی ٹھوکر نہ کھانا — محبت میں....
ہے الفت میں بربادیوں کے سوا کیا
محبت میں سب کچھ لٹا کر ملا کیا
کہیں دل کی باتوں میں تم بھی نہ آنا — محبت میں....
وفا کی پشیمانیاں کچھ نہ پوچھو
میرے دل کی نادانیاں کچھ نہ پوچھو
کبھی اپنے قاتل کو قاتل نہ جانا — محبت میں....
(ختم شد)

صنعت و حرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ کس طرح ایک غریب آدمی تجارت کے ذریعہ نمایاں ترقی کرتا ہوا مالدار بن سکتا ہے یورپ امریکہ۔ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے سینکڑوں اشیا بنانے کے نسخے صابون۔ تیل۔ کریم۔ پاؤڈر۔ اور روزمرہ زندگی میں کام آنے والی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بیچنے کے طریقے درج ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔ ہزارہا بے روزگاروں کو ہزاروں روپے کی تجارت سکھا کر مالدار بنا چکی ہے۔ قیمت صرف ۱/۲ محصول ڈاک معاف

ملنے کا پتہ۔ رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

دلچسپ اور کار آمد راتوں کو نیند اڑا دینے والی فلمی دنیا میں تہلکہ مچا دینے والی کتاب
اس کتاب میں آپ کے پسندیدہ فلموں میں

فلمستان کی پریاں

کام کرنے والے ایکٹروں ایکٹرسوں نیز ڈائرکٹروں کی زندگی کے حالات وہ کسطرح فلم کمپنیوں میں داخل ہوئے کس کس نے کس کس فلم میں کام کیا۔ اُن کے پتے سینکڑوں اہم معلومات درج کی ہیں۔ جگہ جگہ ایکٹرسوں کی تصاویر نے اس کتاب میں چار چاند لگا دیئے ہیں۔ اگر آپکو فلمستان سے ذرا بھی لگاؤ ہے۔ تو آپکے لیئے یہ کتاب بیحد ضروری ہے۔ قیمت صرف ۱/۔ ۲/۱ محصولڈاک معاف

بغیر استاد کے چند دنوں میں ہارمونیم سکھانے والی کتاب

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اسلئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔
قیمت صرف ۸/۱ محصولڈاک معاف

جواہرات کا ڈھیر

جسمیں اچار۔ چٹنی۔ مربے۔ شربت۔ عرق۔ کشتہ۔ چورن۔ معجون۔ خمیرہ۔ پیٹنٹ ادویہ کے نسخے اور مٹھائیاں بنانیکے گر۔ ہزار ہا روپے کے قیمتی فارمولے کوڑیوں سے اشرفیاں پیدا کر نیوالے راز تحریر کردیئے گئے ہیں۔ قیمت صرف ۸/۱ محصولڈاک معاف

صابون سازی

ہر قسم کے صابون مثلاً نہانے دھونے کے گھٹیا بڑھیا خوشبودار وغیرہ بنانیکا آسان طریقہ اسکے اندر آپکو ملے گا۔ اس کتاب کے مصنف بشیر بانیہ رائے صاحب ہیں۔ قیمت صرف ۸/۱ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ :- رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

(کمال آرٹ پرنٹنگ پریس دہلی)